استعمال ہونے والے اصطلاحات فلسفہ کی مختصر، صاف اور بے غبار تشریح ہے۔ پھر علم کلام کے مسائل کا ذکر ہے۔

کتاب کا مطالعہ کرتے وقت اس کی بہت سی خصوصیات سامنے آتی ہیں۔ علم کلام میں متاخرین کی کتابوں کے برعکس یہ کتاب انتہائی عام فہم اور سادہ اسلوب میں تحریر کی گئی ہے۔ کلامی مسائل کی تشریح وتوضیح میں عام روشن کے بر خلاف، قرآن سنت کی نصوص سے بکثرت استشہاد کیا گیا ہے۔ اسی طرح بعض ایسے مسائل کا بھی ذکر ہے جو عموماً علم کلام کی مروجہ کتابوں میں نہیں ملتے۔ مثلاً آپ ﷺ کے والدین کے اسلام کا مسئلہ، مردوں کے لئے قرآن کے ذریعے ایصال ثواب، مذاہب اربعہ کی حقانیت اور قرآن کی تفسیر وتاویل پر کلام وغیرہ۔ مصنفؒ نے جس مآخذ سے استفادہ کیا ہے، جابجا ان کے حوالے بھی دیے ہیں۔ ان پر ایک سرسری نظر ڈالنے سے پتا چلتا ہے کہ کن دور دراز مآخذ تک آپ کی رسائی تھی اور آپ کا مطالعہ کس قدر وسیع اور متنوع تھا۔ کتاب پر تحقیق وتعلیق کا کام مولانا سلمان حسن صاحب نے کیا ہے اور سچ یہ ہے کہ بہت محنت اور عرق ریزی سے کام لیا ہے۔ جن مصادر سے حضرت مصنفؒ نے استفادہ کیا ہے، ان تمام کے حوالہ جات آپ نے بقید صفحہ وجلد حاشیہ پر لکھ دیے ہیں۔ جن شخصیات واعلام کا ذکر کتاب میں آیا ہے ان سب کا اجمالی تذکرہ آپ نے مستند مآخذ سے حاشیے پر درج کیا ہے جہاں پر مصنفؒ نے بیاض چھوڑا ہے وہاں آپ مآخذ کی روشنی میں مسئلہ کی تشنگی دور کرنے کی کوشش کی ہے اس کے علاوہ کتاب کے شروع میں ایک تفصیلی مقدمہ بھی سپرد قلم کیا ہے، جس میں حالات مصنف، مصنفؒ کا منہج واسلوب مآخذ، شیخ اکبر اور ملا کی قاریؒ کے متعلق حضرت مصنفؒ کا موقف وغیرہ تفصیل سے بیان کئے گئے ہیں۔ مکتبہ زم زم نے اپنی سابقہ روایات کے مطابق کتاب کو بہترین سفید کاغذ، مضبوط جلد اور دیدہ زیب ٹائٹل کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس عظیم اور اہم کتاب کی اشاعت پر مکتبہ زم زم لائق صد تحسین وآفرین ہے۔ امید ہے کہ شائقین علم ان کی اس کاوش کو بنظر تحسین دیکھیں گے اور اس کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔

کتاب۔ محبت نبوی کے تقاضے　　مصنف مولانا محمد اکرم طوفانی　　صفحات ۱۴۳

ملنے کا پتہ: دفتر عالمی مجلس تحفظ نبوت' لکڑ منڈی سرگودھا

اللہ جل جلالہ اپنے شاہانہ کلام قرآن مجید میں فرماتے ہیں النبی اولی بالمومنین من أنفسهم ''نبی ﷺ کا حق مومنوں پر ان کی جانوں سے زیادہ ہے'' یہی آیت ہر مسلمان کو خاتم الانبیاء ﷺ کی عزت' عظمت' شرف اور مقام و مرتبے کا تعین کرتی ہے کہ حضور ﷺ کی ذات بابرکات کتنی بلند شان والی ہے۔ زیر نظر کتاب بھی سید الکائنات حضرت محمدؐ کی عزت' عظمت' اور شان رسالت پر مر مٹنے والوں کے دلدوز اور ایمان افروز حالات وواقعات کا مجموعہ ہے جنھوں نے شان رسالت پر اپنا تن من دھن قربان کردیا۔ تحفظ ختم نبوت کے عظیم مجاہد مولانا اکرام طوفانی اس کاوش پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس کتاب کے پڑھنے سے دل میں حرارت ایمانی اور عشق رسالت کا جوش وجذبہ محسوس کرے گا۔